www.badaltazamana.com.pk
لاہور، اسلام آباد، کراچی، پشاور، کوئٹہ، گوادر، سکھر، مظفر آباد، گلگت بلتستان سے عنقریب اشاعت کا آغاز
ABC CERTIFIED
E.Mail:badaltazamanadaily@gmail.com
زمانے کی قسم (جس کی گردش انسانی حالات پر گواہ ہے) ○ القرآن
DAILY BADALTA ZAMANA MULTAN
چیف ایڈیٹر امتیاز احمد گھمن
روزنامہ بدلتا زمانہ ملتان
ایڈیٹر محمد اکمل ؔ وینس　مینجنگ ایڈیٹر میاں عبدالرؤف قریشی
پیر 28 ربیع الاول 1447ھ 22 ستمبر 2025ء

کوآرڈی نیٹر ساؤتھ پنجاب وریجنل ہیڈ ملتان ڈاکٹر زاہد ملک میپکو کے سینئر افسران سے ملاقات کر رہے ہیں

وفاقی محتسب کے فیصلوں پر جلد عملدآمد کیا جائے: ڈاکٹر زاہد ملک

کوآرڈی نیٹر ساؤتھ پنجاب وریجنل ہیڈ ملتان کی میپکو کے سینئر افسران سے ملاقات

تمام عوامی مسائل بلا معاوضہ و بلا تاخیر حل کروانا وفاقی محتسب کی ذمہ داری: گفتگو

ملتان (خصوصی نیوز رپورٹر) کوآرڈینیٹر ساؤتھ پنجاب وریجنل ہیڈ ملتان ڈاکٹر زاہد ملک نے ملتان نے میپکو کے سینئر افسران، جنرل مینجر جواد منصور، ڈائریکٹر کمرشل اسد حماد اور دیگر سینئر افسران کے ساتھ ایک ملاقات کی، جس میں انہوں نے محتسب پاکستان اعجاز احمد قریشی کا پیغام پہنچایا، ڈاکٹر زاہد ملک کا کہنا تھا کہ وفاقی محتسب پاکستان نے فیصلوں پر عملدرآمد کے حوالے سے زیرہ ٹالرنس پالیسی اپنائی ہوئی ہے۔ وفاقی محتسب کے تمام فیصلوں پر فوری عمددرآمد کروایا جائے گا اور اس میں کسی قسم کی کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، میپکو جنرل مینجر نے تمام ڈوثزنل آفسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے مراسلہ جاری کر دیا جس میں ہدایت کی گئی کے زیرالتوا تمام فیصلے جلد از جلد عملدرآمد کر کے رپورٹ فوری پیش کی جائے۔ اسی طرح انہوں نے تمام وفاقی اداروں، واپڈا، سوئی گیس، پوسٹل لائف انشورنس، نادرا، پاکستان ریلوے، زرعی ترقیاتی بینک، پاکستان بیت المال، وغیرہ کے فوکل پرسنز کو زیرالتوا شکایات کو فوری عملدرآمد کرنے کے لیے بھی نوٹس جاری کر دیئے، ان کا مزید کہنا تھا کہ عوام الناس اپنی شکایات سادہ کاغذ پر لکھ کر موقع پر جمع کروا سکتے ہیں، تمام عوامی مسائل قوائد وضوابط کے مطابق حل کروانا وفاقی محتسب کی زمہ داری ہے جو بلا معاوضہ اور بلا تاخیر جاری رہے گی۔